مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرۂ کتب



فیض الباری علی صحیح البخاری | افادات: محدث العصر مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ —— چار جلد۔ ہر جلد ۵۰۰ صفحات سے زائد
قیمت درج نہیں —— ناشر: مولوی نظر شاہ صاحب —— ملنے کا پتہ: مکتبہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ، راجہ بازار راولپنڈی

برصغیر پاک وہند ہی نہیں دنیائے اسلام کے علمی و دینی حلقوں میں کون ہے جو حضرت الامام علامہ انور شاہ کشمیریؒ کے نام سے واقف نہیں۔ مرحوم اکابر علماء دیوبند میں ممتاز مقام کے حامل اور علوم نبوت کے بحرِ ذخار تھے۔ خدا تعالیٰ نے بلا کا حافظہ، فہم وذکاء اور جودتِ ذہن کی عظیم دولت مرحمت فرمائی تھی، اگر چاہتے تو ایک ہی نشست میں جس موضوع پر قلم اٹھاتے بیش قیمت کتاب ترتیب دے سکتے تھے۔ مگر اپنی افتادِ طبع کی وجہ سے تصنیف وتالیف کی طرف کم توجہ دے سکے۔ مگر اس کے باوجود بھی آپ کی چھوٹی بڑی تصنیفات کی تعداد ۴۱ ہے۔ اس کے علاوہ حضرتؒ درسِ حدیث میں جو تقاریر فرماتے تو آپ کے لائق اور اجلّہ تلامذہ نے ان کے ضبط وترتیب کا بھی اہتمام کر رکھا تھا، ان میں عرف الشذی، انوار المحمود، مسلم شریف کی املائی شرح اور انوار الباری کو خاص امتیاز حاصل رہا۔ مگر آپ کی مشہور ترین املائی تقریر "فیض الباری" (جو مولانا سید بدر عالم میرٹھیؒ نے تحریر کی ہے) کو جو مقام واستناد اور درس وتدریس میں استفادہ اور تداول حاصل ہوا وہ آپ کی تمام امالی اور تقاریر و تصنیفات میں بڑھ کر ہے۔ یہ کتاب چار جلدوں میں کئی بار چھپ چکی ہے اور علمی و دینی حلقوں، بالخصوص اساتذۂ حدیث اور ریسرچ وتحقیق کے اداروں سے زبردست خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہے۔ اب کے بار مولوی نظر شاہ صاحب نے بڑے شاندار طریقہ سے عمدہ کاغذ، بہترین اور مضبوط جلد بندی اور حتی الوسع کتابت کی اغلاط کی تصحیح کے اہتمام کے ساتھ شائع کر کے منظرِ عام پر لے آئے ہیں —— مکتبہ رشیدیہ کے جناب بابا عبدالشکور صاحب نے اس کا مکمل ایڈیشن خرید کر پورے ملک میں اس کی تقسیم واشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ یقیناً علمی حلقے اس کی بھرپور قدر کریں گے۔

رسولِ عربیؐ | ایک سکھ پروفیسر جی ایس دارا کا نذرانۂ عقیدت —— صفحات: ۱۴۴ —— قیمت ۶۶/ روپے
کاغذ سفید اور معیاری، عمدہ طباعت، مضبوط اور دیدہ زیب جلد بندی —— ناشر: سیرت اکیڈمی ۳۲ ۔ لے شاہ عالم مارکیٹ لاہور

جس طرح حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات، آپ کی نبوت اور صداقت کے قطعی دلائل ہیں۔ اسی طرح آپ کی زندگی